چینی شاعر لی بائ کی نظمیں

لی بائی کا شمار چین کے مشہور ترین شعرا میں ہوتا ہے۔ وہ سَن 701 عیسوی میں پیدا ہوئے، جو چین میں ٹینگ سلطنت کا زمانہ تھا۔ اِن کے کلام میں زیادہ تر قدرتی مناظر ، دوستی کا لطف، اور شراب سے اپنی محبت، کا ذکر ہے۔ جو کہانیاں ان کے بارے میں مشہور ہیں، ان میں سے ایک ان کی موت کے بارے میں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک رات جب و ہ کشتی میں سوار دریا اور ٹھنڈی ہوا سے لطف اندوز ہو رہے تھے، انہیں پانی میں پورے چاند کا عکس نظر آیا۔ اس وقت وہ شراب کے نشے میں تھے۔ دریا میں چاند کا عکس دیکھ کر آپے سے باہر ہوگئے، اور عکس کو حاصل کرنے کے شوق میں زور شور سے بہتے ہوئے پانی میں چھلانگ لگا دی۔ اور اس طرح چین اپنے بہترین شاعر سے محروم ہوگیا۔ (غالباً اس کہانی میں سچاىٔ نہیں ہے۔ہو سکتا ہے کہ لی بائ ہی جیسے کسی قدرت کے عاشق نے گڑھی ہو۔)

1۔ خاموش رات میں آنے والے خیالات

بستر کے آگے جگمگاتی چاندنی نظر آتی ہے
سوچتا ہوں، یہ فرش پر بِچھا کُہر تو نہیں ؟
بستر سے سر اٹھا کر چاند کو تکتا ہوں
پھر سر جُھکا لیتا ہوں، کہ مجھے وطن کی یاد آتی ہے

2۔ پہاڑی مندر پر گزاری ہوئی رات

مینار کی بلندی ایک سو فٹ ہے
یہاں سے ہاتھ بڑھا کر ستارے توڑ سکتے ہیں
جُرات نہیں مجھے کہ بلند آواز میں بولوں،
کہ کہیں جنت کے مکیں پریشاں نہ ہو جائیں

3-جِنگ ٹِنگ شان کی پہاڑی پر میں

دور اُوپر، اُڑتا ہوا پرندوں کا جُھنڈ

ایک اکیلا بادل ، بھٹکتا ہوا ۔

ہم دونوں ایک دوسرے کو دیکھے جائیں

نہ وہ بوڑھا ہوئے نہ میں

ہم دونوں اکیلے ہیں، جِنگ ٹِنگ اور میں

****

KAHANI CHAMAN
کہانی چمن